4658-قبریں مدفون ہونے والوں کے لیے وقف ہیں

سوال

میں ایک مسلمان ملک میں رہائش پذیر ہوں اورمیرے پاس کچھ زرعی زمین ہے ، میں نے جب اسے کھودا تواس کی مشرقی جانب کچھ پرانی قبریں نکلیں ، ان میں بوسیدہ ہڈیوں کے علاوہ کچھ نہ ملا ، مجھے اس زمین کی اشد ضرورت ہے ، لھذا کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

آپ کی کلام سے واضح ہوتا ہے کہ جس زمین کے متعلق آپ نے دریافت کیا ہے وہ قبرستان ہے ، اور آپ کا کھیت اس کی مغربی جانت واقع ہے ، اور یہ قبرستان آپ کے کھیت میں شامل نہیں ، جبکہ زمین کے کھودنے سے آپ نے وہاں بوسیدہ قبریں پائی ہیں ، اور آپ کے اعتراف کے مطابق ان میں بوسیدہ ہڈیاں بھی ملیں ہیں ، تو وہ زمین آپ کی ملکیت نہیں ، اور نہ ہی آپ کے کھیت میں شامل ہے .

بلکہ یہ ان قبروں میں دفن ہونے والوں کے لیے ہی وقف ہیں ، جو نہ توآپ کے لیے اور نہ ہی آپ کے علاوہ کسی دوسرے کے لیے ملکیت بنانی جائز ہے ، اور نہ ہی اس سے رہائش یا زراعت یا عمارت یا خیمہ وغیرہ نصب کرکے کوئی فائدہ حاصل کرسکتے ہیں .

اللہ تعالی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے .